1

# Hazrat Muhammad's (ﷺ) Kindness and Forgiveness

What do you know about the people of Arabia before Hazrat Muhammad (ﷺ) started preaching Islam?

Can you tell any story which shows the forgiving nature of Hazrat Muhammad (ﷺ)?



ıan 1400 years ago in Arabia, people lived in fear. T

| | |
|---|---|
| Islam immediately. | اس کا اس قدر [illegible] اسلام قبول کر لیا۔ |

## How much did you understand? آپ نے کتنی زیادہ تفہیم کی؟

### Checking Comprehension فہم و ادراک کی جانچ

1. **What did the Arabs worship before Hazrat Muhammad (ﷺ) preached Islam?**

حضرت محمد (ﷺ) کے تبلیغ اسلام سے قبل اہل عرب کس کی پوجا کرتے تھے؟

Ans. The Arabs worshipped idols before Hazrat Muhammad (ﷺ) preached Islam.

حضرت محمد (ﷺ) کے تبلیغ اسلام نے قبل اہل عرب بتوں کی پوجا کرتے تھے۔

**What were the teachings of Islam?** اسلام کی تعلیمات کیا تھیں؟

Ans. Islam taught love, peace, kindness and respect. اسلام نے محبت، امن، رحمدلی اور عزت و تکریم کا درس دیا۔

**Why did Hazrat Muhammad (ﷺ) visit the old woman?**

حضرت محمد (ﷺ) بوڑھی عورت سے ملنے کیوں گئے؟

Ans. Hazrat Muhammad (ﷺ) visited the old woman because she was sick in bed and it was the command of Allah that if people are sick a Muslim should visit and help them.

حضرت محمد (ﷺ) بوڑھی عورت سے ملنے گھر اس لیے گئے کیونکہ وہ بستر پر بیمار پڑی تھی اور یہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا کہ اگر لوگ بیمار ہوں تو ایک مسلمان کو چاہیے

سے ملاقات کرے اور ان کی مدد کرے۔

4. **How did the old woman change?**

بوڑھی عورت کیسے بدل گئی؟

**Ans.** The old woman was greatly moved by the kindness and love of Hazrat Muhammad (ﷺ).

بوڑھی عورت حضرت محمد (ﷺ) کے پیار اور رحم دلی کی وجہ سے بدل گئی۔

5. **Why did the enemy take out his sword at Hazrat Muhammad (ﷺ)?**

دشمن نے حضرت محمد (ﷺ) پر اپنی تلوار کیوں اٹھائی؟

**Ans.** The enemy took out his sword at Hazrat Muhammad (ﷺ) because he wanted to kill him.

دشمن نے اس لیے حضرت محمد (ﷺ) پر تلوار اٹھائی کیونکہ وہ (نعوذ باللہ) آپ (ﷺ) کو مارنا چاہتا تھا۔

## Comprehension Skill: Cause and Effect

فہم و ادراک کی مہارت: وجہ اور اثر

At times one thing makes another thing happen. If you eat carelessly, your hands will get dirty. Getting dirty is **what happened (Effect)**. Eating carelessly is **why it happened (Cause)**. Your hands got dirty because you ate carelessly. Thinking about cause and effect will help you understand whatever you read. Look for the clue words like *so, because, since, that is* and *why*. These words give you an idea that one thing makes another thing happen.

بعض اوقات کوئی ایک چیز کسی دوسری چیز کے بننے کی وجہ بنتی ہے۔ اگر آپ لاپروائی سے کھائیں گے تو آپ کے ہاتھ گندے ہو جائیں گے۔ "گندا ہونا" جو واقع ہوا (اثر)۔ لاپروائی سے کھانا ہے کہ کیوں واقع ہوا (وجہ)۔ آپ کے ہاتھ اس لیے گندے ہوئے کیونکہ آپ نے لاپروائی سے کھایا۔ علت و اثر کے بارے میں سوچنے سے جو کچھ بھی آپ نے پڑھا ہے اس کی تفہیم میں مدد ملے گی۔ آپ اشاراتی الفاظ مثلاً so, because, since, that is اور why جیسے الفاظ تلاش کریں۔ یہ الفاظ آپ کو یہ تصور دیں گے کہ ایک چیز دوسری چیز کے واقع ہونے کا سبب بنتی ہے۔

**Read each sentence which shows what happened? (Effect). Write the other part of the sentence to show why it happened? (Cause). Use the clue words for your answers.**

ہر اس جملے کو پڑھیں جو یہ بتائے کہ کیا ہوا؟ (اثر)۔ جملے کا دوسرا حصہ یہ بتانے کے لیے لکھیں کہ وہ کیونکر ہوا؟ (وجہ)۔ جوابات کے لیے اشاراتی الفاظ سے مدد لیں۔

What happened? (effect) — جو واقع ہوا؟ (اثر)

Why did it happen? (cause) — یہ کیوں واقع ہوا؟ (وجہ)

**Example:** The Arabs worshipped idols. (effect) — مثال: عرب بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ (اثر)

Because they were ignorant. (cause) — کیونکہ وہ جاہل تھے۔ (وجہ)

1. Cruel practices of Arabs stopped. (effect) — عربوں کی ظالمانہ روایات ختم ہوئیں۔ (اثر)

   because **Islam began to spread**. (cause) — کیونکہ اسلام پھیلنے لگا۔ (وجہ)

2. The Arab wanted to kill Hazrat Muhammad (ﷺ), (effect) — عربی حضرت محمد (ﷺ) کو مارنا چاہتا تھا۔ (اثر)

   because **Hazrat Muhammad (ﷺ) was alone.** (cause) — کیونکہ حضرت محمد (ﷺ) اکیلے تھے۔ (وجہ)

3. The old woman threw rubbish on Hazrat Muhammad (ﷺ), (effect)

   بوڑھی عورت حضرت محمد (ﷺ) پر کوڑا کرکٹ پھینکا کرتی تھی۔ (اثر)

   because **she was against of Islam**. (cause) — کیونکہ وہ مذہب اسلام کے خلاف تھی۔ (وجہ)

4. Hazrat Muhammad (ﷺ) visited the old woman, (effect)

   حضرت محمد (ﷺ) بوڑھی عورت کے پاس گئے۔ (اثر)

   کیونکہ وہ بیمار تھی۔ (وجہ)

   because **she was sick.** (cause)

5. The old woman accepted Islam, (effect) — بوڑھی عورت نے اسلام قبول کر لیا۔ (اثر)

   because **she was greatly moved by the kindness and love of Hazrat Muhammad (ﷺ).** (cause)

   کیونکہ وہ آپ (ﷺ) کی رحم دلی اور اچھے سلوک سے بہت زیادہ متاثر ہوئی۔ (وجہ)

## Learn about words
الفاظ کے متعلق سیکھیں

### Vocabulary
ذخیرہ الفاظ

A. **Word meaning:** لفظ کا معنی
**Match the word in column A with its meaning in column B.**
کالم A کے الفاظ کو کالم B میں دیے گئے اس کے مطلب سے ملائیں۔

| A | B |
|---|---|
| fear | someone who gives pain to people or animals |
| idols | praying as per teachings of a religion |
| worshipping | statues or some other objects that are worshipped by followers of certain religions |
| ignorance | it is an unpleasant feeling when you think that you are in danger |
| cruel | without knowledge of something |
| practices | something that people do regularly |

B. **Working with Words:** الفاظ کا استعمال:
**Find the best word to fill in the blank.**
بہترین لفظ چن کر خالی جگہ پُر کریں۔

spreading confidence harass rubbish reveal

1. The loud noises **harass** me. اونچی آوازیں مجھے ہراساں کرتی ہیں۔
2. The light was **spreading** on all sides. روشنی تمام اطراف میں پھیل رہی تھی۔
3. She threw all the **rubbish** in the garbage can. اس نے تمام کوڑا کوڑا دان میں پھینک دیا۔
4. He said that with **confidence**. اس نے یہ اعتماد کے ساتھ کہا۔
5. The villagers wanted to **reveal** their achievement. دیہاتی اپنا کارنامہ ظاہر کرنا چاہتے تھے۔

## Word study:
الفاظ کا مطالعہ:

### A Phonics
ایک صوتی نظام

**Silent k, b and w letters**
بے آواز حروف: k,b اور w

Sometimes the letters k, b, and w do not stand for the sounds they usually represent. In some words they do not stand for any sounds at all. They are silent. Here are some examples:

بعض اوقات حروف k, b اور w وہ آوازیں پیدا نہیں کرتے جن کو ظاہر کر رہے ہوتے ہیں۔ کچھ الفاظ میں تو یہ بالکل ہی کوئی آواز پیدا نہیں کرتے۔ وہ بے آواز حروف ہیں۔ کچھ مثالیں مندرجہ ذیل ہیں:

Knot (ناٹ) doubt (ڈاؤٹ) write (رائٹ)

**Read the sentences below. Each sentence contains a word that has a silent k, b, or w. Write the words.** مندرجہ ذیل جملے پڑھیں۔ ہر جملے میں ایک لفظ ہے جس میں خاموش k, b یا w حرف ہے۔ الفاظ لکھیں۔

1. They began to harass him in every way, they **could**.
انہوں نے آپ ﷺ کو ہر اس طریقے سے ہراساں کرنا شروع کر دیا جو وہ کر سکتے تھے۔
2. The old women **knew** nothing about morality and that is why she threw rubbish on him.
بوڑھی عورت اخلاقیات کے متعلق کچھ نہیں جانتی تھی اسی لیے وہ آپ ﷺ پر کوڑا کرکٹ پھینکتی تھی۔
3. The **sword** fell from his hands.
تلوار اس کے ہاتھوں سے گر گئی۔
4. The man's arms were **numb**.
آدمی کے بازو بے حس ہو گئے۔
5. I saw a beautiful **lamb**.
میں نے ایک میمنا دیکھا۔

## Language and Arts: زبان و ادب

### Sentence جملہ

A sentence is a group of words that expresses a complete sense or idea. It begins with a capital letter and ends with a full stop.

جملہ الفاظ کا ایسا مجموعہ ہوتا ہے جو مکمل طور پر ایک سوچ یا خیال کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ بڑے حرف سے شروع ہوتا ہے اور فل سٹاپ پر ختم ہوتا ہے۔

**Example:** Many children like animal stories.

مثال: بہت سے بچے جانوروں کی کہانیاں پسند کرتے ہیں۔

Some of the groups of words below are sentences, and some are not.

مندرجہ ذیل الفاظ کے کچھ مجموعے جملے ہیں اور کچھ (جملے) نہیں ہیں۔

**A. Write S after each group of words that is a sentence and write NS if it is not a sentence.**

الفاظ کا ایسا مجموعہ جو جملہ ہے اس کے سامنے S لکھیں اور جو جملہ نہیں ہے اس کے سامنے NS لکھیں۔

1. They were afraid of their neighbours. S — وہ اپنے پڑوسیوں سے خوف زدہ تھے۔
2. time before Islam NS — اسلام سے پہلے کا وقت / قبل از اسلام
3. bury their newly born daughters alive NS — اپنی نومولود بیٹیوں کو زندہ دفن کرنا۔
4. The Arabs worshipped idols. S — اہل عرب بتوں کی پوجا کرتے تھے۔
5. Islam taught love and peace. S — اسلام نے محبت و امن کا درس دیا۔

### Kinds of Sentences جملوں کی اقسام

**Declarative and Interrogative Sentences** بیانیہ اور سوالیہ جملے

A **declarative sentence** makes a statement. A declarative sentence ends with a full stop.

ایک بیانیہ جملہ کسی حقیقت کو بیان کرتا ہے۔ ایک بیانیہ جملہ فل سٹاپ پر ختم ہوتا ہے۔

**Example:** My friends are waiting for me.

مثال: میرے دوست میرا انتظار کر رہے ہیں۔

An **Interrogative sentence** asks a question. An interrogative sentence ends with a question mark.

ایک سوالیہ جملہ سوال پوچھتا ہے۔ ایک سوالیہ جملہ سوالیہ نشان "؟" پر ختم ہوتا ہے۔

**Example:** Are you happy today?

مثال: کیا تم آج خوش ہو؟

**B. Write D if the sentence is declarative. Write I if the sentence is interrogative.**


اگر جملہ بیانیہ ہے تو اس کے سامنے D لکھیں۔ اگر جملہ سوالیہ ہے تو اس کے سامنے I لکھیں۔

1. This was a regular, daily event. D — یہ باقاعدہ روزمرہ کا معمول تھا۔
2. What did he find? I — اس نے کیا پایا؟
3. The woman thought that he had come to take his revenge. D — عورت نے سوچا کہ آپ (ﷺ) اس سے بدلہ لینے کے لیے آئے ہیں۔
4. It was the command of Allah. D — یہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا۔
5. Who can save you now? I — اب تمہیں کون بچا سکتا ہے؟

## Writing Skills: لکھنے کی مہارتیں

Think of the character of Hazrat Muhammad (ﷺ) and write a paragraph to describe his personality. Write Hazrat Muhammad's (ﷺ) name in the centre oval, and write five words that describe his character in the surrounding ovals. Then write five sentences that describe his characteristics using those five words.

حضرت محمد (ﷺ) کے کردار کے متعلق سوچیں اور آپ (ﷺ) کی شخصیت کے متعلق ایک ویب بنائیں۔ حضرت محمد (ﷺ) کا نام درمیان والے بیضوی شکل میں لکھیں اور گرد کے بیضوی حصوں میں پانچ الفاظ لکھیں جو آپ (ﷺ) کی شخصیت کو بیان کرتے ہیں۔ پھر ان پانچ الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے آپ (ﷺ) کی خوبیوں کو بیان کرنے والے پانچ جملے تحریر کریں۔




Hazrat Muhammad (ﷺ) was kind not only to human beings but to all creatures of the universe. He (ﷺ)was so well-known for his justice that even his bitter enemies brought their suits to him. The Rasoolullah (ﷺ) was truthful and honest in his dealings. He (ﷺ)is benefactor of all the worlds. He (ﷺ)treated everyone with love and respect.

حضرت محمد (ﷺ) نہ صرف انسانوں بلکہ کائنات کی تمام مخلوقات پر مہربان تھے۔ آپ (ﷺ) اپنے انصاف کے لیے اس قدر مشہور تھے کہ آپ (ﷺ) کے سخت دشمن بھی اپنے مقدمات آپ (ﷺ) کے پاس لایا کرتے تھے۔ رسول اللہ (ﷺ) اپنے معاملات میں راست گو اور ایماندار تھے۔ آپ (ﷺ) تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔ آپ (ﷺ) ہر ایک کے ساتھ محبت و احترام سے پیش آتے تھے۔